ھہیہ کی ترتیب پر جمع کی ہے، طہارت سے لے کر صلاۃ، صوم، حج، نکاح وغیرہ تمام کو سمیٹ لینے کی فاضلانہ وعالمانہ سعی کی ہے، شروع کتاب میں مرض کی فضیلت، مرض کے فوائد، دواو علاج کی تاکید اور اس کی اہمیت پر روشنی ڈالنے کی سعی کی ہے، ایسے ایسے مسائل اس کتاب میں آگئے ہیں جو ڈھونڈنے سے جلد نہیں ملتے ہیں اور دن ورات اس کی ضرورت پیش آتی ہے۔ اور اس کے ضمن میں جو جزئیات ہیں ان کو بھی جمع کر لیا ہے، دواؤں کے استعمال سے بچنا نہیں چاہئے، بل کہ اس سلسلے میں جو سنت طریقہ ہے سب کو لکھا ہے۔

علاج کی اہمیت پر بھی روشنی ڈالی ہے۔'' غرض یہ کتاب مریض سے متعلق مسائل پر مشتمل انسائیکلو پیڈیا ہے، مؤلف موصوف نے ہر ممکن کوشش کی ہے کہ ہر مسئلہ، باحوالہ اور مدلل ہو، اردو زبان میں یہ ایک بہترین وعمدہ علمی کاوش ہے، جس پر وہ اہل اسلام کی طرف سے شکریہ کے مستحق ہیں۔ یہ کتاب عمدہ جلد بندی، دیدہ زیب ٹائٹل، بہترین کمپوزنگ وسیٹنگ کے ساتھ مناسب کاغذ پر چھپی ہے۔

تاریخ کے ساتھ ساتھ: تالیف: مولانا محمد رمضان لدھیانوی، ناشر: مکتبۃ الشہداء کراچی، سائز: 23×36/16، صفحات: 352، قیمت: درج نہیں۔

زیر تبصرہ کتاب مولانا محمد رمضان لدھیانوی کی تالیف ہے، جس میں انہوں نے قمری سال کے مہینوں کے اعتبار سے ہر ماہ سے متعلق مخصوص احکام ومسائل، اس میں پیش آنے والے اہم اور نمایاں تاریخی واقعات، نامور شخصیات کی سوانح حیات اور ان کے زندہ نقوش و مآثر اور کارنامے، نیز ہر مہینہ کی وجہ تسمیہ، تعارف، بعض مہینوں کی فضیلت و اہمیت، اور ان میں رائج بعض بدعات وخرافات کی تردید وغیرہ متنوع دلچسپ امور بیان کئے ہیں۔ پھر ہر مہینہ کے آخر میں ''ایک نظر میں'' کے عنوان سے تاریخ اسلام کے بہت سے اہم اور نمایاں واقعات کی فہرست دی گئی ہے۔ اس مقصد کے لئے بقول ان کے انہوں نے بیسیوں کتب کے سینکڑوں صفحات کھنگالے ہیں، خصوصاً دو کتب علامہ مخدوم محمد ہاشم سندھیؒ کی کتاب ''عہد نبوت کے ماہ وسال'' اور حضرت حکیم الامت مولانا اشرف علی تھانویؒ کی کتاب ''﴿زوال السّنَة عن أعمال السَّنَة﴾'' کو کتاب کی تیاری میں مرکزی حیثیت حاصل رہی۔

یہ ایک دلچسپ اور معلوماتی کتاب ہے، جو طلبہ، علماء، عوام اور خطباء وائمہ حضرات کے لئے یکساں مفید ہے۔ کتاب کی سیٹنگ وطباعت مناسب ہے۔

☆☆☆